**18.03.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

**Music**

☆ تین روزہ اسٹارٹ اَپ مہاکنبھ دلّی میں بھارت منڈپم میں شروع ہوگیا ہے۔ اِس کا مقصد سرمایہ کاروں اور ممکنہ کارپوریٹ ساجھے داروں کے ساتھ اسٹارٹ اپ اداروں کو جوڑنا ہے۔

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے تلنگانہ میں Jagtial کے مقام پر انتخابی ریلی کی۔

☆ سپریم کورٹ نے منی لانڈرنگ کیس میں دلّی کے سابق وزیر ستیندر جین کی ضمانت کی درخواست مسترد کردی ہے اور اُن سے بلاتاخیر خودسپردگی کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔

☆ روس میں ولادیمیر پتن نے ریکارڈ پانچویں مدت کیلئے صدر کے عہدے کا چناؤ جیت لیا ہے۔

☆ اور موسمیات محکمے نے جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## Startup Mahakumbh

آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اسٹارٹ اپ ایکو نظام سے متعلق سب سے بڑی تقریب اسٹارٹ اَپ مہاکنبھ کا آغاز ہوا جو تین روز تک جاری رہے گا۔اس نمائش کا مقصد، اسٹارٹ اپس اور بہت سے سرمایہ کاروں کے درمیان رابطہ قائم کرانا ہے، جن میں پروجیکٹوں میں اثاثہ لگانے والے، سرمایہ کار اور امکانی کارپوریٹ شراکت دار بھی شامل ہیں۔ اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے DPIIT کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے کہا کہ 2016 میں جس وقت اسٹارٹ اپ انڈیا پہل شروع کی گئی تھی اُس وقت تقریباً 300 اسٹارٹ اپ تھے اور اب ملک میں اِن کی تعداد بڑھ کر ایک لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے۔اِس پروگرام میں، مختلف شعبوں پر توجہ دیتے ہوئے پویلین قائم کیے گئے ہیں،

جن میں مصنوعی ذہانت AI، کاروبار سے کاروبار B2B، زراعتی ٹیکنالوجی، ڈیپ ٹیک، آب و ہوا سے متعلق ٹیکنالوجی، گیمنگ، ای-اسپورٹس، مالیات سے متعلق ٹیکنالوجی، فِن ٹیک، انکیوبیٹرس اور Accelerators شامل ہیں۔ دس ملکوں کے دو ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اپس، مستقبل کے 30 ہزار آنتر پرینیور، 50 ہزار تجارتی Visitors، ہزاروں سرمایہ کار اور پانچ سو سے زیادہ اِنکیوبیٹرس اور مندوبین، اِس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔X

## PM Jagtial Rally

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ BJP نے تلنگانہ کے عوام کی امنگیں پوری کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ آج تلنگانہ میں Jagtial کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یقین دلایا کہ NDA ریاست کی تیز رفتار ترقی کو یقینی بنائیگا۔جناب مودی نے شکتی کی توہین کرنے پر کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی رائے زنی پر نکتہ چینی کی اور کہا کہ چندریان-تین کا لینڈر وکرم چاند کی سطح پر جس مقام پر اترا تھا اُسے شیوشکتی پوائنٹ کا نام دیا گیا ہے۔ جناب مودی نے آئی این ڈی آئی اے اتحاد پر تلنگانہ کے عوام کی توہین کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔ انھوں نے اِن پارٹیوں پر 2 جی گھپلے، نیشنل ہیرالڈ گھپلے، بوفورس گھپلے اور چارہ گھپلے جیسی بدعنوانی میں ملوث ہونے کا الزام عائد کیا۔ جناب مودی نے تلنگانہ کے عوام کو یقین دلایا کہ جن لوگوں نے اُن کے ساتھ دھوکہ کیا ہے، اُنھیں بخشا نہیں جائیگا۔ اِدھر کل ممبئی میں آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا تھا کہ موجودہ لڑائی صرف BJP اور کانگریس کے درمیان نہیں بلکہ دو نظریات کے درمیان ہے۔x

## PM Shivamogga Rally

وزیر اعظم نریندر مودی آج کرناٹک کے شیوموگا میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرنے والے ہیں۔ شیوموگا BJP کے سرکردہ رہنما بی ایس یدی یورپّا کا آبائی ضلع ہے، جن کے بڑے بیٹے بی وائی راگھویندر شموگا حلقے سے موجودہ ممبر پارلیمنٹ ہیں۔ یدی یورپّا کے دوسرے بیٹے اور ریاستی BJP کے صدر بی وائی وجیندر نے کہا ہے کہ شیوموگا، داوَن گیرے، چترَدُرگ، Udupi اور چکمگلور سے BJP کے ارکانِ پارلیمنٹ ریلی کے دوران اسٹیج پر موجود رہیں گے۔ ریاست سے پارٹی کے دیگر سرکردہ لیڈر پر ریلی میں شامل ہوں گے۔x

## SC Satyendar Jain

سپریم کورٹ نے منی لانڈرنگ کیس میں دلّی کے سابق وزیر ستیندر جین کی ضمانت کی درخواست مسترد کردی

ہے اور اُن سے بلاتاخیر خودسپردگی کرنے کو کہا گیا ہے۔جسٹس بیلا ترویدی اور جسٹس پنکج Mithal پر مشتمل ایک بینچ نے جین کے ذریعے داخل کردہ درخواست نامنظور کردی۔ عدالت عالیہ نے دو دیگر ملزموں انکش اور ویبھو جین کی ضمانت کی درخواستیں بھی مسترد کردیں۔ عدالت عالیہ نے ستیندر جین کے وکیل کی یہ زبانی درخواست بھی نامنظور کردی کہ اُنھیں خودسپردگی کیلئے ایک ہفتے کا وقت دیا جائے۔ستیندر جین کو پچھلے سال 26 مئی کو طبی بنیاد پر 6 ہفتے کیلئے عبوری ضمانت دی گئی تھی اور بعد میں اِس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی ہے۔انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی طرف سے پیش ہوتے ہوئے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل SV Raju نے ذیلی عدالت اور ہائیکورٹ کی جانب سے حاصل کئے گئے حقائق اور مذکورہ کیس سے متعلق دیگر تفصیلات سے عدالت کو مطلع کیا تھا۔ستیندر جین کی طرف سے پیش ہوتے ہوئے سینئر ایڈووکیٹ ابھیشیک منوسنگھوی نے انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے دلائل کے جواب میں کہا کہ اُن کے مؤکل کو ایک سال تک قید میں رکھا گیا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جانچ ایجنسیاں انکم ٹیکس کیس کو منی لانڈرنگ معاملے میں بدلنے کی کوشش کر رہی ہیں۔x

## ED Kejriwal

دلّی جل بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں بھی دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال آج انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے سمن پر پیش نہیں ہوئے۔ عام آدمی پارٹی نے سمن کو غیرقانونی قرار دیا ہے اور BJP سرکار پر الزام لگایا ہے کہ وہ کیجریوال کو نشانہ بنانے کیلئے انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کا استعمال کر رہی ہے۔جناب کیجریوال پہلے ہی دلّی ایکسائز پالیسی سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں ED کے سمن کا سامنا کر رہے ہیں۔ انھیں اِس کیس میں اب تک آٹھ سمن بھیجے گئے ہیں لیکن وہ ایک بار بھی پیش نہیں ہوئے۔اُدھر دلّی BJP کے سربراہ وریندر سچدیوا نے ED کے سامنے پیش نہ ہونے پر جناب کیجریوال کی نکتہ چینی کی اور یہ الزام لگایا کہ اروند کیجریوال بدعنوانی میں ملوث ہیں اور اُنھیں یہ بات سمجھنی چاہئے کہ وہ اپنا وقار کھوچکے ہیں اور اُن کی زندگی میں اب صرف سمن رہ گئے ہیں۔x

## SC SBI Bond

سپریم کورٹ نے آج اسٹیٹ بینک آف انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ الیکٹورل بانڈس سے متعلق سبھی تفصیلات کا اِس مہینے کی 21 تاریخ تک مکمل انکشاف کیا جائے، جس میں منفرد بانڈ نمبر بھی شامل ہے، جس سے خریدار اور رقم حاصل کرنے والی سیاسی پارٹی کے درمیان رابطے کا پتہ چل سکے گا۔چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی سربراہی والی

پانچ ججوں کی آئینی بینچ نے کہا کہ اِس بات میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ اسٹیٹ بینک کو مذکورہ بانڈس کی پوری تفصیلات دستیاب کرانی ہے۔ اس نے اسٹیٹ بینک کے چیئرمین کو یہ ہدایت دی ہے کہ وہ 21 مارچ کو شام پانچ بجے تک اُس کے سامنے ایک حلف نامہ داخل کرکے یہ بتائیں کہ بینک نے سبھی تفصیلات کا انکشاف کردیا ہے۔x

## NTA CUET

امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی NTA، اپنے پہلے کے اعلان کے مطابق CUET-UG، پندرہ سے 31 مئی کے درمیان منعقد کرائے گی۔ اِس مدت میں دو تاریخیں ایسی ہیں، جو عام انتخابات کی تاریخوں 20 اور 25مئی سے ٹکرا رہی ہیں۔ UGC کے چیئرپرسن ایم جگدیش کمار نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہاکہ 26 مارچ کو، درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ کے بعد CUET-UG کیلئے رجسٹریشن کرانے والے طلبہ کی تعداد اور اُن کے علاقوں کی تقسیم کے بارے میں معلومات فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہاکہ اِن اعدادو شمار اور انتخابات کی تاریخوں کی بنیاد پر، این ٹی اے CUET-UG، کی تاریخوں کا اعلان 15 سے 31 مئی کے درمیان کرے گی۔ x

## Bihar Accident

بہار کے Khagaria ضلع میں Pasraha تھانے کے تحت آنے والے علاقے میں قومی شاہراہ نمبر 31 پر آج صبح ایک سڑک حادثے میں کم از کم آٹھ افراد کی موت ہوگئی جبکہ تین شدید طور پر زخمی ہوئے۔پولیس کے مطابق یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک گاڑی ایک پیٹرول پمپ کے نزدیک سیمنٹ سے لدے ہوئے ٹریکٹر سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے بعد یہ گاڑی ایک کھائی میں جاگری۔ مرنے والے سبھی افراد ایک ہی کنبے کے تھے اور ضلع میں شادی کی تقریب سے واپس آرہے تھے۔زخمیوں کو بھاگلپور اور نزدیک کے اسپتالوں میں داخل کرادیا گیا ہے۔ ٹریکٹر کا ڈرائیور اور اُس کا ساتھی حادثے کے بعد فرار ہوگئے۔x

## Putin Fifth Term

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے، صدارتی انتخابات میں تاریخی طور پر پانچویں مدت کیلئے کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے اپنی اِس کامیابی کو، جس کا پہلے سے ہی اندازہ تھا، اُن پر ملک کے اعتماد اور امید کی ایک نشانی قرار دیا ہے۔ جناب پوتن نے اِس چھ سالہ مدت کیلئے، 87 فیصد ووٹ حاصل کیے۔ انتخابی افسران نے بتایاکہ دیگر

امیدواروں کو پانچ فیصد سے بھی کم ووٹ حاصل ہوئے ہیں۔ کمیونسٹ امیدوار **Nikolai Kharitonov**، دوسرے نمبر پر رہے اور انتخابات میں پہلی بار حصہ لینے والے امیدوار **Vladislav Davankov** تیسرے نمبر پر رہے۔

اِس کامیابی سے روس کے طویل ترین عرصے تک رہنے والے رہنما کے طور پر جناب پوتن کی پوزیشن اور بھی مضبوط ہوگئی ہے۔ اِس سلسلے میں وہ **Josef Stalin** سے بھی آگے ہوگئے ہیں۔ جناب پوتن نے ماسکو میں اپنی کامیابی کے بعد ایک تقریر میں اپنے حامیوں سے کہاکہ وہ یوکرین میں، بقول اُن کے روسی فوجی کارروائی سے وابستہ معاملات حل کرنے کو ترجیح دیں گے اور وہ روسی فوج کو اور بھی مضبوط بنائیں گے۔ **x**

## EU Egypt AID

یوروپی یونین نے نقد رقم کے بحران کا سامنا کرنے والے مصر کیلئے آٹھ ارب ڈالر کے امدادی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ اِس طرح کی تشویش بڑھتی جارہی ہے کہ پڑوسی ملکوں میں معاشی دباؤ اور ٹکراؤ کے تناظر میں مزید تارکین وطن یوروپی ساحلی علاقوں کا رُخ کرسکتے ہیں۔ مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی اور یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** نے قاہرہ میں سمجھوتے پر دستخط کئے۔ اِس تقریب میں بلجیم، اٹلی، آسٹریا، سائپرس اور یونان کے رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔ امدادی پیکیج میں عالمِ ارب کے سب سے زیادہ آبادی والے ملک مصر کیلئے اگلے تین سال کے واسطے گرانٹس اور قرضے دونوں ہی شامل ہیں۔اِس طرح کی تشویش بھی بڑھتی جارہی ہے کہ غزہ کے جنوبی قصبے رفح پر اسرائیل کے زمینی حملے کے خطرے کی وجہ سے ہزاروں لوگ مصر کے **Sinai** جزیرہ نما کا رُخ کرسکتے ہیں۔اِدھر مصر کے حکام کا کہنا ہے کہ وہاں پہلے ہی **90** لاکھ مائیگرینٹ موجود ہیں، جس میں چار لاکھ **80** ہزار ایسے افراد بھی شامل ہیں جن کے نام اقوام متحدہ کی پناہ گزینوں سے متعلق ایجنسی میں پناہ گزیں کی حیثیت سے درج ہیں۔**x**

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ کے حصوں کے لئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، ویدربھ، چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ کے زیادہ تر حصوں میں دور دور تک ژالہ باری، گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑنے، بجلی چمکنے اور تیز رفتار ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ تلنگانہ، آندھرا پردیش اور شمال مشرقی بھارت کے حصوں میں اگلے دو روز کے درمیان گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوگی۔ جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج بارش اور برفباری کا بھی امکان

ہے۔X

## PM-J&K

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اب تک کے پہلے Formula-4 کار شو سے، جو سری نگر میں Dal Lake کے کنارے منعقد کیا گیا تھا، اس سے جموں و کشمیر کی خوبصورتی کو دنیا کے سامنے پیش کرنے میں مزید مدد ملے گی۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت میں Motor اسپورٹس کے وسیع تر امکانات موجود ہیں اور سری نگر اُن مقامات میں سرفہرست ہے جہاں موٹر اسپورٹس کا انعقاد کیا جاسکتا ہے۔کل سری نگر میں ڈل جھیل کے کنارے پر پہلا Formula 4 کار شو منعقد کیا گیا تھا۔x

## EC PwD ICON

انتخابی کمیشن نے ارجن انعام یافتہ اور Para تیرانداز، شیتل دیوی کو اپنا قومی PwD آئیکون قرار دیاہے۔ اُن کے نام کا اعلان دلی میں کھیلے گئے ایک نمائشی کرکٹ میچ کے دوران کیا گیا۔ یہ میچ ''انڈین Deaf کرکٹ ایسوسی ایشن ٹیم'' اور ''دلی اینڈ ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن'' کی ٹیم کے درمیان کھیلا گیا تھا۔ اس میچ کا اہتمام بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ کے تعاون سے چناؤ کمیشن کی طرف سے کیا گیا تھا تاکہ رائے دہندگان میں بیداری اور شمولیت کو فروغ دیا جا سکے۔ اِس موقعے پر کمیشن نے PwD رائے دہندگان اور معمر شہری رائے دہندگان سے متعلق ایک مخصوص گائڈ کا بھی اجرا کیا۔ x

## WPL Result

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ کے فائنل میں کل رات نئی دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں رایل چیلنجرس بینگلور نے Delhi Capitals کو آٹھ وکٹ سے ہرا دیا۔Delhi Capitals کے 114 رن کے جواب میں بینگلور نے 19 اوورس اور تین گیندوں میں دو وکٹ کے نقصان پر 115 رن بناکر جیت حاصل کی۔ بینگلور کے لیے Ellyse Perry نے سب سے زیادہ 35 رن بنائے۔اِس سے پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے Delhi Capitals کی ٹیم 18 اوورس اور تین گیندوں میں 113 رن پر ہی آل آؤٹ ہو گئی۔ Delhi Capitals کے لیے شفالی ورما نے سب سے زیادہ 44 رن بنائے۔ Sophie Molineux کو میچ کی بہترین کھلاڑی قرار

دیا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆